MTN-12-G1-19

PAPER CODE NUMBER:4021

2019 (A)

رول نمبر ________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں )

# اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

## گروپ - پہلا

## حصہ معروضی

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

**نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

(1) اکبری کو سسرال میں ______ کے نام سے پکارا جاتا تھا۔
(A) سلیقہ شعار بہو (B) تیز دار بہو (C) مزاج دار بہو (D) اکبری

(2) اورنگ زیب عالمگیر کی وفات ہوئی۔
(A) ۱۷۰۰ء میں (B) ۱۷۰۷ء میں (C) ۱۷۱۳ء میں (D) ۱۷۲۰ء میں

(3) مولوی نذیر احمد نے ______ سے تعلیم حاصل کی۔
(A) دلی کالج (B) علی گڑھ کالج (C) اسلامیہ کالج لاہور (D) گورنمنٹ کالج لا

(4) اکبری کے خاوند کا نام ______ تھا۔
(A) محمد نائل (B) محمد فاضل (C) محمد عاقل (D) محمد عادل

(5) جنگِ قادسیہ میں مسلمانوں کا مقابلہ ہوا۔
(A) قریش سے (B) ایرانیوں سے (C) رومیوں سے (D) شامیوں سے

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

(6) ______ محنت کرو گے تو پاس ہو جاؤ گے۔
(A) کیوں کہ (B) چوں کہ (C) اگر (D) خواہ

(7) حسن نے بتایا ______ دولا ہور جائے گا۔
(A) یا (B) تو (C) پھر (D) کہ

(8) " قصصِ ہند " چھپ ______ ہے۔
(A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

(9) اس کا گھر، دکانیں اور سامان سب کچھ بک ______
(A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

(10) چچا اور بھتیجا ______
(A) لڑا پڑا (B) لڑ پڑیں (C) لڑ پڑو (D) لڑ پڑے

**رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

(11) " استفہامیہ " کی تعریف ہے۔
(A) مختصر ٹھہراؤ (B) جواب دینا (C) سوال پوچھنا (D) قول بیان کرنا

(12) " سکتہ " کہتے ہیں۔
(A) بہت زیادہ ٹھہراؤ کو (B) مختصر ترین ٹھہراؤ کو (C) سوال کرنے کو (D) جملے کے اختتام

(13) جب تفصیل دینا مقصود ہو تو تمہیدی جملے کے بعد لگاتے ہیں۔
(A) وقفہ (B) ندائیہ (C) تفصیلیہ (D) رابطہ

(14) جب کوئی جملہ ختم ہو تو کون سی علامت لگاتے ہیں؟
(A) ختمہ (B) سکتہ (C) رابطہ (D) ندائیہ

(15) " ! " کس کی علامت ہے؟
(A) سوالیہ (B) ندائیہ (C) سکتہ (D) ختمہ

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیشِ نظر درست جواب منتخب کیجیے۔**

(16) نکلنا
(A) چور بھاگ نکلا۔ (B) میرا انعام نکلا۔ (C) احمر کی کمیٹی نکلی۔ (D) افسر پاگل نکلا۔

(17) لگنا
(A) مجھے چوٹ لگی۔ (B) بچے کو سردی لگی۔ (C) زاہد ہنسنے لگا۔ (D) لڑکی کیسی لگی؟

(18) رہنا
(A) امتحان کیسا رہا؟ (B) بچہ روتا رہا۔ (C) آج یہاں رہ جاؤ۔ (D) رہنے دو، کوئی اور بات کرو

(19) دینا
(A) مجھے پیسے ادھار دینا۔ (B) مجھے کتاب دینا۔ (C) اس نے سب کو رلا دیا۔ (D) مجھے امتحان دینا ہے۔

(20) پڑنا
(A) اسے کام پڑ گیا۔ (B) وہ سکول پڑھتا ہے۔ (C) وہ بے وجہ لڑ پڑا۔ (D) ہاسٹل میں رہ کے پڑھنا چاہیے



www.taleem360.com

MTN-12-G1-19

رول نمبر ____________

2019 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - پہلا **انشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی دوئی کے نقش سب جھوٹے، ہے سچا ایک نام اُس کا

ہر اک ذرہ فضا کا داستاں اس کی سناتا ہے ہر اک جھونکا ہوا کا آکے دیتا ہے پیام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں بیٹھا تھا اس کے پاس، مرا دل وہیں رہا

آخر کو ہو کے لالہ اُگا نوبہار میں خونِ شہید عشق نہ زیرِ زمیں رہا

دی جان ایسے ہوش سے اپنی کہ خلق کو جینے کا میرے تا دمِ آخر یقیں رہا

## حصہ دوم

3۔ سیاق و سباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) " نواب صاحب کو ان کی طرف مطلق التفات نہ تھا، شاید اولاد نہ ہونے کے سبب محبت نہ کرتے ہوں، ورنہ بیگم صورت میں چندے آفتاب، چندے ماہتاب اور حسن و دولت پر مزاج ایسا سادہ کہ ہم جیسے ناچیزوں کو برابر بٹھانا اور پوچھنا۔ "

(ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انھیں صرف دوڑنے اور ڈنٹر پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں، نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدر آباد کی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) محنت پسند خردمند (ii) ایوب عباسی

5۔ نصاب میں شامل سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) منشیات اور اس کی روک تھام (ii) تعلیمِ نسواں (iii) کھیلوں کی اہمیت

7۔ اپنے استاد کے نام کامیابی کی اطلاع دینے کے لیے خط لکھیں۔ 10



www.taleem360.com

MTN-12-G2-19

ER CODE

UMBER:4022

2019 (A)

رول نمبر ________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

وقت = 20 منٹ

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا

کل نمبر = 20

گروپ - دوسرا

حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

(1) عصرِ جدید پریس کی دوسری طرف ________ کا مطب تھا۔
(A) حکیم لقمان (B) حکیم اجمل خان (C) حکیم غلام مصطفیٰ (D) حکیم فقیر محمد چشتی

(2) میں نے غالب کا نام لیا مولانا نے ________
(A) بالڈون کا (B) ہرکن ہیڈ کا (C) سائمن کا (D) آرنلڈ کا

(3) خدا کسی شریف انسان کو ________ نہ لے جائے۔
(A) دہلی (B) لکھنؤ (C) کلکتے (D) ممبئی

(4) محمد بن قاسم کی والدہ کا نام تھا۔
(A) ناہیدہ (B) لبیدہ (C) زبیدہ (D) عابدہ

(5) کنٹی مزاج دار کو ________ بیچ کر موتی خریدنے کا مشورہ دیتی ہے۔
(A) دھگدگی (B) گلوبند (C) بازوبند (D) پہنچیاں

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(6) گھوڑا گاڑی یک ________
(A) گیا (B) گئے (C) گئی (D) گئیں

(7) اس ________ بیوی بچے آ گئے۔
(A) کی (B) کے (C) کا (D) کیں

(8) اُس کے ہوش و حواس ________
(A) جاتا رہا (B) جاتی رہی (C) جاتیں رہیں (D) جاتے رہے

(9) وہ چور ہی نہیں ________ قاتل بھی ہے۔
(A) صرف (B) جب کہ (C) بلکہ (D) نیز

(10) اچھا ہے ________ بُرا، یار تو اپنا ہے۔
(A) یا (B) کہ (C) تو (D) جب کہ

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(11) رابطہ کہتے ہیں۔
(A) وقفِ خفیف کو (B) وقفِ مطلق کو (C) نصف وقف کو (D) وقفِ لازم کو

(12) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ مقصود ہو تو استعمال کرتے ہیں۔
(A) توسین (B) وقفہ (C) رابطہ (D) ندائیہ

(13) رابطہ کی علامت ہے۔
(A) ! (B) ؛ (C) : (D) :-

(14) وقفہ پر توقف کرنا چاہیے۔
(A) مختصر (B) بھرپور (C) سکتے سے زیادہ (D) لمبا

(15) امجد پی ایچ ڈی ڈاکٹر ہے ________ علامت لگے گی۔
(A) : (B) - (C) :- (D) !

امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیشِ نظر درست جواب منتخب کیجیے۔

(16) ڈالنا
(A) آگ پر پانی ڈالو۔ (B) کنویں میں ڈول ڈالو۔ (C) صنم نے مار ڈالا۔ (D) بات پر مٹی ڈالو۔

(17) لگنا
(A) یہاں میرا دل لگ گیا ہے۔ (B) بچے کو سردی لگ گئی تھی۔ (C) وہ موسیقی سننے لگا۔ (D) مجھے بھوک لگی ہے۔

(18) رکھنا
(A) اُس نے میری عزت رکھ لی۔ (B) یہاں تشریف رکھیے۔ (C) میری نصیحت یاد رکھنا۔ (D) اُس نے مجھے دیوانہ بنا رکھا ہے۔

(19) دینا
(A) مجھے کتاب دو۔ (B) وہ زخم دیتا ہے۔ (C) میرا قلم دے دو۔ (D) میں نے قلم دیا۔

(20) رہنا
(A) کریم ہاسٹل میں رہتا ہے۔ (B) بس اب رہنے بھی دو۔ (C) تم یہاں کیسے رہتے ہو۔ (D) وہ لگاتار روتا رہتا ہے۔



www.taleem360.com

MTN-12-G2-19

رول نمبر ____________ 2019 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - دوسرا **اِنشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا  خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا
یہی ہے عبادت، یہی دین و ایماں  کہ کام آئے دنیا میں انساں کے انساں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

بول اے مرے دیار کی سوئی ہوئی زمیں  میں جن کو ڈھونڈتا ہوں کہاں ہیں وہ آدمی
بیٹھے تھے جن کے پھل، وہ شجر کٹ کٹا گئے  ٹھنڈی تھی جس کی چھاؤں وہ دیوار گر گئی
بازار بند، راستے سنسان، بے چراغ  وہ رات ہے کہ گھر سے نکلتا نہیں کوئی

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) محمد عاقل سے جو آج ایسی باتیں ہوئیں، لوگوں پر مزاج دار کا اعتقاد جم گیا۔ اگلے دن زلفن کو بھیج فجن کو بلوایا اور آج مزاج دار بیٹی بنیں اور فجن کو ماں بنایا۔ رات کے وقت محمد عاقل سے پھر فجن کا ذکر آیا۔ محمد عاقل نے کہا: ''دیکھو، ہوشیار رہنا۔ اس بھیس میں کٹنیاں اور ٹھگنیاں بہت ہوا کرتی ہیں۔'' لیکن طمع نے خود محمد عاقل کی عقل پر ایسا پردہ ڈال دیا کہ اتنی موٹی بات وہ نہ سمجھا کہ دو روپے کا مال چار آنے میں کوئی بے وجہ بھی دیتا ہے۔ محمد عاقل کو مناسب تھا کہ قطعاً فجن کے آنے کی ممانعت کرتا اور سب چیزیں اس کی پھروا دیتا۔ مزاج دار کو اتنی عقل کہاں تھی کہ اس بات کو سمجھتی۔

(ب) اصل میں مولانا کو اخبار کی زبان اور کتابت کی صحت کا بڑا خیال رہتا تھا۔ کاتبوں کی جان الگ آفت میں، ایڈیٹر الگ مصیبت میں مبتلا، جب تک مولانا دفتر میں ہیں، غل غپاڑا مچا ہوا ہے۔ جوں ہی کاپی پر نظر پڑی شور مچ گیا۔ ''ارے یہ کیا کیا؟ یہ عبارت تو بالکل مہمل ہے۔ اس مراسلے کی تصحیح نہیں ہوئی، یوں ہی کاتب کو دے دیا گیا ہے۔ خبروں کی عبارت چست نہیں۔ کتابت کی غلطیاں تو دیکھو، ایک کالم میں پچاس پچاس غلطیاں اور کتابت کیسی عجیب ہوئی ہے۔ کوئی دائرہ بھی تو صحیح نہیں، غضب خدا کا، قرآن کی آیت غلط لکھ دی، اتنا خیال نہ آیا کہ کلامِ الٰہی ہے، ستیاناس کر دیا اخبار کا، ان تمام کاپیوں کو جلا دو، از سر نو اخبار مرتب نہیں ہو سکتا، اعلان کر دو کہ کل اخبار نہیں نکلے گا۔''

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) دستک (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5۔ نصاب میں شامل مجید امجد کی نظم '' ایک کوہستانی سفر کے دوران میں '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات (ii) کشمیر ہماری شہ رگ (iii) ذرائع ابلاغ کی اہمیت

7۔ اخبار کے مدیر کے نام بڑھتے ہوئے حادثات کی روک تھام کے لیے خط لکھیں۔ 10



www.taleem360.com